1024 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کیجیے۔ رول نمبر:..................

سیکنڈری پارٹII سیشن 24-2020-22 to 2022 گروپ پہلا دستخط امیدوار:..................

اردو لازمی (معروضی) وقت: 20منٹ کل نمبر15 PAPER CODE 3027

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | نظم "اونٹ کی شادی" میں "کھلانا" کا مطلب ہے۔ | پھول کھلنا | عجیب و غریب کام کرنا | نئی بات کہنا | انکشاف کرنا |
| .2 | اداؔ جعفری کا اصل نام تھا۔ | نور جہاں | انم جہاں | صنم جہاں | عزیز جہاں |
| .3 | سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنا بھی نہیں<br>لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں<br>مندرجہ بالا شعر قواعد کے لحاظ سے ہے۔ | غزل کا پہلا شعر | غزل کا آخری شعر | مطلع | مقطع |
| .4 | "ابن خطابؓ" گرائمر کی رو سے ہے۔ | کُنیت | تخلص | لقب | خطاب |
| .5 | ایسا فعل جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا موجودہ اور آئندہ زمانے میں معلوم ہو کہلاتا ہے۔ | فعل امر | فعل لازم | فعل مضارع | فعل معروف |
| .6 | درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے۔ | تَعَاوُن | تُعَاوُن | تَعَاوِن | تُعِاوُن |
| .7 | درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے۔ | اِعْتِبَارْ | اِعْتِبُارْ | آعْتَبَارْ | اِعْتَبَارْ |
| .8 | پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے۔ | بالشت بھر | چھے فٹ | ایک ایک فٹ | گز بھر |
| .9 | سبق "مرزا محمد سعید" کس ادیب کی تحریر ہے؟ | نذیر احمد دہلوی | شاہد احمد دہلوی | اشرف صبوحی | مولوی عبد الحق |
| .10 | سبق "نظریہ پاکستان" میں مصنف نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی کتنی بنیادیں بتائی ہیں؟ | ایک | دو | چار | آٹھ |
| .11 | 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہوگئی۔ | غزلوں کی طرف | نظموں کی طرف | مرثیے کی طرف | شہر آشوب کی طرف |
| .12 | سبق "مُلَمَّع" اصنافِ ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟ | داستان | مضمون | افسانہ | ناول |
| .13 | سبق "نام دیو مالی" میں مصنف نے انسان کی فطری کمزوری کی بنا پر اُسے کہا ہے؟ | کاہل اور نکما | نکما اور کام چور | کاہل اور کام چور | دلیر مگر سست |
| .14 | سبق "علی بخش" کس کتاب سے لیا گیا ہے؟ | شہاب نامہ | نفسانے | ماں جی | یا خدا |
| .15 | نظم کے لغوی معنی ہیں۔ | عورتوں سے باتیں کرنا | حسن و عشق کی باتیں کرنا | دل کی بات کرنا | تنظیم و ترتیب |

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں

1024 (جماعت دہم) سیکنڈری پارٹ II، سیشن 24-2022 to 22- 2020

اردو لازمی (انشائیہ) گروپ پہلا وقت: 2:10 گھنٹے کل نمبر: 60

حصہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اول

**سوال نمبر 2۔ کوئی سے پانچ اشعار کی تشریح کیجیے۔ تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے۔** (10 نمبر)

حصہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نظم

(i) وہی خالق ہے دل کا اور دِل کے نیک ارادوں کا — وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

(ii) آس پاس اس کے جو بستے ہیں نہ ان کی پوچھیے — جس قدر دیر اں ہے یہ ہیں اس قدر وہ خستہ حال

(iii) سب محنت کش گلے ملے اور ابھرا اِک پیغام — اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

(iv) سر نگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی — جس کے بل بوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

حصہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ غزل

(v) مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے — تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

(vi) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ چلے ہیں

(vii) یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق — مگر اے دوست، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں

حصہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دوم

**سوال نمبر 3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ (یعنی جن کے نیچے لائن لگی ہے) کے معانی بھی لکھیے۔** 5+5 = 10 نمبر

(الف) میں اپنے دل میں یہ باتیں کرتا ہوا مکان پر آیا۔ کیسا **خوش قسمت** آدمی ہے۔ کہتا ہے، میرا کوئی دوست نہیں۔ اے خوش نصیب شخص! یہیں تو تو مجھ سے **بڑھ گیا**۔ لیکن کیا اُس کا یہ قول صحیح بھی ہے؟ یعنی کیا اصل میں اس کا کوئی دوست نہیں، جو میرے دوستوں کی طرح اُسے دن بھر میں پانچ منٹ کی بھی فرصت نہ دے۔ میں اپنے مکان پر ایک مضمون لکھنے جارہا ہوں، مگر خبر نہیں کہ مجھے ذرا سا بھی وقت ایسا ملے گا کہ میں **تخلیے** میں اپنے خیالات جمع کر سکوں اور انھیں اطمینان سے **قلم بند** کر سکوں۔

(ب) "جب ڈاکٹر صاحب نے **دم دیا ہے** میں اُن کے بالکل قریب تھا۔ صبح سویرے میں نے انھیں **فروٹ سالٹ** پلایا اور کہا کہ اب آپ کی طبیعت **بحال ہو جائے گی**، لیکن عین پانچ بج کر دس منٹ پر اُن کی آنکھوں میں ایک تیز تیز، نیلی نیلی سی چمک آئی اور زبان سے اللہ ہی اللہ نکلا۔ میں نے جلدی سے اُن کا سر اُٹھا کر اپنے سینے پر رکھ لیا اور انھیں **جھنجوڑنے لگا**، لیکن وہ رخصت ہو گئے تھے"

**سوال نمبر 4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔** (5×2 = 10 نمبر)

(i) مرزا غالب نے کتابوں پر کیا رائے دی؟

(ii) لڑکی نے اپنے بھائی عقیل کو ساتھ لے جانے سے کیوں انکار کیا؟

(iii) مصنف نے اپنا موازنہ فقیر سے کس طرح کیا؟

(iv) علامہ اقبال نے نرس کے لیے اشتہار دیا تو کیا نتیجہ نکلا؟

(v) "عالِم کی موت عالَم کی موت ہے" وضاحت کیجیے۔

(vi) حمد میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے۔ بیان کیجیے۔

(vii) شاعر کس سڑک کو بے مثال کہہ رہا ہے اور کیوں؟

(viii) ہوش اور بے خودی کے ملنے سے دنیا کے کاروبار کیسے سنورتے ہیں؟

**سوال نمبر 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** (05 نمبر)

(i) اردو ادب میں عید الفطر (ii) نام دیو مالی

**سوال نمبر 6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (15 نمبر)

(i) صنعت (ii) وقت کی پابندی (iii) تعلیم نسواں

**سوال نمبر 7۔ مندرجہ ذیل عبارت غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔** (5×2 =10 نمبر)

انتخابِ کتب ایک اہم مسئلہ ہے اس کے لیے اس طرح کی احتیاط اور غور و فکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کے لیے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو برائی سے بچالیتا ہے اور ایک برا دوست اپنی بد کرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے۔ اِسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ اور عادات و اطوار پر اثر ڈالتی ہیں اور مخربِ اخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کو برائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اسی طرح بری کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیر زمانہ کی سوانح عمریاں سفر نامے تاریخی اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کے لیے بہت مفید ہے اخلاقی کتابوں کے مطالعے سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

**سوالات:** (i) کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کو مدِ نظر رکھا جاتا ہے؟ (ii) برا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے؟ (iii) خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟ (iv) طالب علم کے لیے کون سی کتب مفید ہیں؟ (v) اس پیراگراف کا مناسب عنوان تجویز کریں؟

1010 - 1024 - 55000

رول نمبر:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کیجئے۔ 1024 (جماعت دہم)

دستخط امیدوار:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ گروپ دوسرا سیشن 2020-22 to 2022-24 سیکنڈری پارٹ II

PAPER CODE 3022 کل نمبر 15 وقت: 20 منٹ اردو لازمی (معروضی)

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ **جوابات** A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔ انک ریمورر یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | صفت مُشَبّہ کی مثال ہے۔ | بخیل | جیالا | عربی | عالمانہ |
| .2 | "آزمودہ" کس زبان کا اسم مفعول سماعی ہے؟ | انگریزی | ترکی | عربی | فارسی |
| .3 | درست اعراب کی نشاندہی کیجئے۔ | مُتَحِدَہ | مِتَحِدَہ | مُتَّحِدَہ | مُتَّحَدَہ |
| .4 | محمود نظامی کے مقالے کے بعد مرزا محمد سعید پر کس نے تنقید کی؟ | اثر تاثیر | فیض احمد فیض | پطرس بخاری | حمید احمد خاں |
| .5 | ادا جعفری کی غزل کے پہلے شعر میں "چلے" کو کہیں گے۔ | مطلع | | مقطع | قافیہ |
| .6 | سڑک پر شغال کے چیخنے سے واضح ہوتی ہے؟ | ویرانی | آمدورفت | خوشی | بے دلی |
| .7 | اردو میں قید آزادی کسے کہتے ہیں؟ | قید بامشقت کو | شادی خانہ آبادی کو | جرم کی کمی کو | آزادی کے خاتمے کو |
| .8 | درست اعراب کی نشاندہی کیجئے۔ | سَوَالُ | سُوَالُ | سِوَالُ | سَوَالَ |
| .9 | اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے کس نے سختیاں جھیلیں؟ | مجدد الف ثانی | شاہ ولی اللہ | سید احمد بریلوی | شاہ اسمٰعیل شہید |
| .10 | سید انی بی کے پاس کتنے نگینے باقی رہ گئے؟ | دو | چار | چھ | آٹھ |
| .11 | شاکر صاحب مصنف کو لے گئے۔ | سلیم پور | دِلّی | جے پور | شاہ پور |
| .12 | سجاد حیدر یلدرم نے کس شہر میں وفات پائی؟ | کراچی | قسطنطنیہ | لاہور | لکھنؤ |
| .13 | 1857ء کی جنگِ آزادی کے بعد کس طرف توجہ تیز ہوگئی؟ | غزلوں کی طرف | قصیدوں کی طرف | نظموں کی طرف | مرثیوں کی طرف |
| .14 | "اردو نثر کے میلانات" کس کی کتاب ہے؟ | ہاجرہ مسرور | اشرف صبوحی | شاہد احمد دہلوی | ڈاکٹر وحید قریشی |
| .15 | "اینٹ" گرامر کی رُو سے ہے۔ | اسم جامد | اسم مصدر | اسم مشتق | اسم فاعل |

XNV79

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں

1024 (جماعت دہم) سیکنڈری پارٹ II، سیشن 24-2022 to 22- 2020

اردو لازمی (انشائیہ) گروپ دوسرا وقت: 2:10 گھنٹے کل نمبر: 60

## حصہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اول

سوال نمبر 2۔ کوئی سے پانچ اشعار کی تشریح کیجیے۔ تین اشعار حصہ نظم میں سے اور دو اشعار حصہ غزل میں سے منتخب کیجیے۔ (10 نمبر)

### حصہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نظم

(i) خود نہر علقمہ کے بھی سوکھے ہوئے تھے لب — خیمے جو تھے حبابوں کے، تپتے تھے سب کے سب

(ii) گرمی یہ تھی کہ زیست سے دل سب کے سرد تھے — پتے بھی مثلِ چہرۂ مدقوق زرد تھے

(iii) سرنگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی — جس کے بوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

(iv) مینہ برس جائے تو چل سکتی ہیں اس پر کشتیاں — ڈوب جانے کا بھی ہو جاتا ہے اکثر احتمال

### حصہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ غزل

(v) میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا — گنہ گار ہوں، ایک خطا ہو گئی ہے

(vi) آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا — آج ہی خاطرِ بیمار شکیبا بھی نہیں

(vii) تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

## حصہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دوم

سوال نمبر 3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ (یعنی جن کے نیچے لائن لگی ہے) کے معانی بھی لکھیے۔ 10 = 5+5 نمبر

(الف) اتنے میں کھانوں کے **خوان** اُترنے لگے۔ خاصہ چنا گیا۔ کھانا کیا تھا، اللہ کی قدرت کا **کرشمہ**۔ ایک ایک **بالشت** کے پودے پھلوں، پھولوں سے لدے ہوئے سامنے تھے۔ خوشبو کی لپٹیں آ رہی تھیں، مگر میں کھاتی کیا؟ نہ کسی قسم کی روٹی تھی نہ سالن، نہ پلاؤ تھا نہ زردہ۔ **ہکا بکا** ایک ایک کا منہ دیکھ رہی تھی کہ بادشاہ بیگم مسکرا کر بولیں سیدانی بی! دیکھتی کیا ہو، کھاتی کیوں نہیں۔

(ب) نہ کاغذ ہے، نہ ٹکٹ ہے۔ اگلے لفافوں میں سے ایک **بیرنگ** لفافہ پڑا ہے۔ کتاب میں یہ کاغذ **پھاڑ کر** تم کو خط لکھتا ہوں اور بیرنگ لفافے میں لپیٹ کر بھیجتا ہوں۔ **غمگین** نہ ہونا۔ کل شام کو کچھ فتوح کہیں سے پہنچ گئی ہے۔ آج سے کاغذ اور ٹکٹ منگالوں گا۔ **سہ شنبہ** ۸۔ نومبر صبح کا وقت ہے۔ جس کو عوام بڑی فجر کہتے ہیں۔

سوال نمبر 4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (10 = 5×2 نمبر)

(i) ”خطوط کا جواب عموماً ہم روزہ دیتا ہوں“ اس سے کیا مراد ہے؟

(ii) حضرت ابو ایوب انصاریؓ کی شخصیت میں کون سی تین چیزیں نمایاں تھیں؟

(iii) نام دیو کی موت کیسے ہوئی تھی؟

(iv) لڑکی سفر کیوں کر رہی تھی؟

(v) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لُبِ لُباب کیا تھا؟

(vi) نعت کے آخری شعر میں خضر سے کون سی ہستی مراد ہے؟

(vii) شاعر میر انیس کا اصل نام کیا تھا؟

(viii) فراق گورکھپوری کی شامل نصاب غزل ان کے کس مجموعے سے لی گئی ہے

سوال نمبر 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ii) علی بخش (05 نمبر)

سوال نمبر 6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (15 نمبر)

(i) قائداعظمؒ (ii) ماں باپ کے ساتھ سلوک (iii) طالب علم کے فرائض

سوال نمبر 7۔ مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10 نمبر)

اقبالؒ کی انفرادیت یہ ہے کہ وہ ایک باعمل شاعر تھے۔ اُنھوں نے شعر کے ذریعے اسلامی تعلیمات، حسن اخلاق، خودی، فقر، درویشی اور مغرب سے بیزاری کی تلقین کی اور اپنے عمل کے ذریعے اس کا ثبوت مہیا کیا۔ اُنھوں نے مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد میں اپنی ہمت اور طاقت کے مطابق شرکت کی۔ گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے یورپ کا سفر کیا۔ اسلامی کانفرنس میں شرکت کے لیے فلسطین گئے۔ نیز اسلامی افکار اور فلسفہ کی اشاعت کے لیے ہندوستان کے مختلف علاقوں دہلی، حیدر آباد، دکن، مدراس اور بنگلور وغیرہ کے دورے کیے۔ مسلمانوں کے اصرار پر پنجاب اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کے لیے انتخابات میں حصہ لیا اور تین سال تک اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کی جنگ لڑی۔ حتیٰ کہ اسلام کے نفاذ کے لیے ایک الگ خطۂ زمین کے حصول کی راہ دکھائی۔ پوری دنیا کے مسلمانوں کو آزادی اور تعمیر نو کا ولولۂ تازہ عطا کیا۔

سوالات: (i) اقبالؒ کی انفرادیت کیا ہے؟

(ii) علامہ اقبالؒ نے اپنی انفرادیت کا ثبوت کیسے دیا ہے؟

(iii) اقبالؒ نے ہندوستان کے مختلف علاقوں کا دورہ کیوں کیا؟

(iv) اقبال نے پنجاب اسمبلی کے انتخابات میں حصہ کیوں لیا؟

(v) اس عبارت کا موزوں عنوان تحریر کیجیے۔

1023 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کیجئے۔ رول نمبر: ..............

سیکنڈری پارٹ II سیشن 23-2021 to 21-2019 گروپ پہلا دستخط امیدوار: ..............

اردو لازمی (معروضی) وقت: 20 منٹ کل نمبر 15 PAPER CODE 3025

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریمور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| (D) | (C) | (B) | (A) | QUESTIONS | Q-1 |
|---|---|---|---|---|---|
| چھ | تین | پانچ | چار | اسم علم کی کتنی اقسام ہیں؟ | .1 |
| لقب | تخلص | کنیت | عرف | جو نام پیار یا حقارت کی وجہ سے پکارا جائے کہلاتا ہے۔ | .2 |
| ان سب سے | جمادات و نباتات سے | رنگ و بو سے | مخلوقات سے | اللہ تعالیٰ نے یہ عالم بھر دیا ہے؟ | .3 |
| گھر میں | دشت میں | منزل پر | راستے میں | پاکستانی بچے ایک دن قیام کریں گے | .4 |
| تنہائی اور یکسوئی میں | وصال میں | ہجر و فراق میں | دل کی ہمسائیگی سے | روح کو محبت کا مزا کب ملتا ہے؟ | .5 |
| مولانا ضیاء الدین | ڈاکٹر محمد حسن | سید بشیر الدین | ظہیر احمد صدیقی | "بہت کچھ لکھنا چاہتا تھا لیکن تھک گیا" رشید صدیقی نے یہ جملہ کس کے نام لکھا | .6 |
| علامہ اقبال | مرزا غالب | فراق گورکھپوری | حالی | "دستنبو" کس مشہور شاعر کی کتاب ہے؟ | .7 |
| یا خدا | ماں جی | شہاب نامہ | نفسانے | سبق "علی بخش" کس کتاب سے لیا گیا ہے؟ | .8 |
| سرسید احمد خان | حالی | مولانا ابوالکلام | مرزا غالب | "غبار خاطر" کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟ | .9 |
| ڈپٹی نذیر احمد | سرسید احمد خان | شاہد احمد دہلوی | شیخ عبد القادر | مرزا محمد سعید کی عزیز داری کس شخصیت سے تھی؟ | .10 |
| بازار کی طرف | دریا کی سمت | باغ میں | پائیں باغ میں | مصنف جس کمرے میں ٹھہرائے گئے اس کی کھڑکی کھلتی تھی | .11 |
| لوہے کا | معماری کا | لکڑی کا | کھیتی باڑی کا | چغل خور کون سا کام جانتا تھا؟ | .12 |
| مِشَقَّت | مَشَقَّت | مَشُقَّت | مُشَقَّت | درست تلفظ کی نشان دہی کریں۔ | .13 |
| مُفَصِّل | مَفَصَّل | مِفَصَّل | مُفَصَّل | درست اعراب کی نشان دہی کریں۔ | .14 |
| مرکب عددی | مرکب جاری | مرکب عطفی | مرکب توصیفی | "شریف آدمی" گرامر کی رو سے کیا ہے؟ | .15 |

15

1023 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کیجئے۔ رول نمبر:____________

سیکنڈری پارٹ II سیشن 2019-21 to 2021-23 گروپ دوسرا دستخط امیدوار:____________

اردو لازمی (معروضی) وقت: 20 منٹ کل نمبر 15 PAPER CODE 3028

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ اِنک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | نظم "حمد" کس شاعر کی تخلیق ہے؟ | احسان دانش | جمیل الدین عالی | حفیظ جالندھری | جوش ملیح آبادی |
| .2 | اردو میں قید آزادی کسے کہتے ہیں؟ | قید بامشقت کو | شادی خانہ آبادی کو | جرم کی سزا کو | آزادی کے خاتمے کو |
| .3 | شاعر کو محبوب کی یاد کب سے نہیں آئی؟ | ایک ماہ سے | ایک سال سے | ایک مدت سے | ایک عرصے سے |
| .4 | "مسواک" گرائمر کے لحاظ سے کیا ہے؟ | اسم صوت | اسم ظرف | اسم موصول | اسم آلہ |
| .5 | فعل ماضی کی اقسام ہیں۔ | چار | چھ | تین | دو |
| .6 | "یہ مسجد" گرائمر کی رُو سے ہے۔ | مرکب جاری | مرکب تام | مرکب توصیفی | مرکب اشاری |
| .7 | درست اعراب کی نشان دہی کریں۔ | مَناظِرہ | مُناظِرہ | مَناظَرہ | مِناظَرہ |
| .8 | درست اعراب کی نشان دہی کیجیے۔ | مُحتَرِم | مُحتِرَم | مَحتَرَم | مُحتَرَم |
| .9 | احمد مرزا کی خِلقت میں داخل ہے کہ دو منٹ نہیں بیٹھا جاتا۔ | خاموش | نچلا | پُرسکون | آرام سے |
| .10 | جب لڑکی ریلوے سٹیشن پہنچی تو گاڑی آنے میں کتنی دیر تھی؟ | آدھا گھنٹا | ایک گھنٹا | پندرہ منٹ | چند منٹ |
| .11 | اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے کس نے سختیاں جھیلیں؟ | شاہ ولی اللہؒ | سید احمد بریلویؒ | شاہ اسمٰعیل شہیدؒ | حضرت مجدد الف ثانیؒ |
| .12 | چغل خور نے کسان سے کتنے ماہ بعد ایک چغلی کھانے کی اجازت مانگی؟ | نو ماہ | ایک ماہ | چھ ماہ | سات ماہ |
| .13 | مصنف نے انسان کی فطری کمزوری کی بنا پر اسے کہا ہے: | کاہل اور نکما | نکما اور کام چور | دلیر مگر سُست | کاہل اور کام چور |
| .14 | تبعہ نہیں تو کھائیے: | خصم کو | کڑھی | کھیر | آم |
| .15 | ایا صوفیہ کے برابر کیا ہے؟ | قبرستان | عجائب گھر | کتاب خانہ | فوجی عجائب خانہ |

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں

1023 (جماعت دہم) سیکنڈری پارٹ II، سیشن 23-2021 to 21- 2019

اردو لازمی (انشائیہ) گروپ پہلا وقت: 2:10 گھنٹے کل نمبر: 60

حصہ ---------------- اول

(10 نمبر)

سوال نمبر 2۔ کوئی سے پانچ اشعار کی تشریح کیجئے۔ تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے۔

حصہ ---------------- نظم

(i) بجھے گا نہ جس کا چراغِ محبت
وہ پیغمبر ذی وقار آ گیا ہے

(ii) جن کی تابانی میں انداز کہن بھی، نو بھی ہے
اور تیرے کوکب تقدیر کا پرتو بھی ہے

(iii) جھیل گئے دکھ جھیلنے والے، اب ہے کام ہمارا
ایک رہیں گے، ایک رہے گا، ایک ہے نام ہمارا

(iv) اس پہ جانے کا کبھی ہوتا ہے جس کو اتفاق
اس کے لوٹ آنے کا پیدا ہی نہیں ہوتا سوال

حصہ ---------------- غزل

(v) بل کے بھی جو کبھی نہیں بلتا
ٹوٹ کر دل، اُسی سے بلتا ہے

(vi) تھے کتنے ستارے کہ سر شام ہی ڈوبے
ہنگام سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

(vii) رنگ وہ فصلِ خزاں میں ہے کہ جس سے بڑھ کر
شانِ رنگینی حُسنِ چمن آرا بھی نہیں

حصہ ---------------- دوم

10 = 5+5 نمبر

سوال نمبر 3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ (یعنی جن کے نیچے لائن لگی ہے) کے معانی بھی لکھیے۔

(الف) نظریہ پاکستان کا مطلب پاکستان کو ایک اسلامی اور فلاحی مملکت بنانا ہے۔ ہمیں کوئی ایسا قدم نہیں اُٹھانا چاہیے جس کی وجہ سے خدا اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے سامنے شرمندہ ہونا پڑے۔ ہمارا جینا اور مرنا پاکستان کے لیے ہونا چاہیے۔ قومی مفاد کے سامنے ذاتی مفاد کو دل سے نکال دینا چاہیے۔ ہر قسم کی گروہ بندی سے بالاتر ہو کر تمام پاکستانیوں کی فلاح و بہبود کی کوشش کرنا نظریہ پاکستان کو فروغ دینا ہے۔

(ب) میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید ہی کبھی کسی شخص کو تکلیف پہنچی ہو۔ شریف شخص کی یہ صفت سب سے معتبر مانی گئی ہے۔ اُردو، فارسی اور عربی ادبیات پر مرحوم کی نظر بڑی گہری، وسیع اور متنوع تھی جس کے ہم سب معترف رہے اور اِس سے استفادہ کیا۔ ناملائم الفاظ کبھی زبان پر نہیں لائے۔ بڑے شوق اور سنجیدگی سے علمی مسائل پر اظہارِ خیال فرماتے

( 10 = 5×2 نمبر)

سوال نمبر 4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔

(i) مولانا حسرت موہانی کون سا ادبی رسالہ نکالتے رہے اور ان کی کسی ایک کتاب کا نام تحریر کریں۔

(ii) ردیف کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں۔

(iii) نظم "فاطمہ بنت عبد اللہ" کس شاعر کی تخلیق ہے اور یہ شاعر کے کس مجموعۂ کلام سے لی گئی ہے۔

(iv) رشید احمد صدیقی نے خطوط کس شہر سے بھجوائے اور پہلا خط کا مخاطب کون ہے؟

(v) مرزا غالب نے بیرنگ خط کس کو لکھا اور کیوں بیرنگ بھیجا۔

(vi) سلطان محمد فاتح نے کب اور کس شہر کو فتح کیا؟

(vii) علی بخش کو کتنی زمین الاٹ ہوئی اور کہاں ہوئی؟

(viii) لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی؟ اس کا ماحول کیسا تھا؟

(05 نمبر)

سوال نمبر 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔

(i) پرستان کی شہزادی (ii) چُغل خور

(15 نمبر)

سوال نمبر 6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔

(i) حُبِ وطن (ii) زَم۔۔۔زَم (iii) سیلاب

(10= 5×2 نمبر)

سوال نمبر 7۔ مندرجہ ذیل عبارت غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔

ہم عصروں اور ہم چشموں کی رقابت پُرانی چیز ہے اور ہمیشہ سے چلی آرہی ہے۔ جہاں تک مجھے اُن سے گفتگو کا موقع ملا اور بعض اوقات چھیڑ چھیڑ کر اور کرید کرید کر دیکھا اور ان کی تحریروں کے پڑھنے کا اتفاق ہوا، مولانا اس عیب سے بری معلوم ہوتے ہیں۔ محمد حسین آزاد نے مولانا شبلی کی کتابوں پر کیسے اچھے تبصرے لکھے ہیں اور جو باتیں قابل تعریف تھیں اُن کی دل کھول کر داد دی ہے۔ مگر ان بزرگوں میں سے کسی نے مولانا کی کسی کتاب کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔ لاہور میں کرنل ہالرائیڈ کی زیر ہدایت جو جدید رنگ کے مشاعرے ہوئے، ان میں آزاد اور حالی دونوں نے طبع آزمائی کی۔ "برکھارت"، "حب وطن"، "نشاطِ امید" اسی زمانے کی نظمیں ہیں۔ آزاد اپنے رنگ میں بے مثل نثار ہیں، مگر شعر کے کوچے میں اُن کا قدم نہیں اُٹھتا۔ لیکن مولانا کی انصاف پسندی ملاحظہ کیجئے کہ کیسے صاف لفظوں میں اس نئی تحریک کا سہرا آزاد کے سر باندھا ہے

سوالات: (i) اس عبارت میں مولانا سے کون مُراد ہیں؟ (ii) مولانا کس عیب سے بری تھے؟ (iii) جدید رنگ کے مشاعروں میں کس قسم کی نظمیں پڑھی جاتی تھیں؟ (iv) نثّار کے معنی لکھیے؟ (v) تبصرہ کسے کہتے ہیں؟

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں

1023 (جماعت دہم) سیکنڈری پارٹ II، سیشن 23-2021 to 21-2019

اردو لازمی (انشائیہ) گروپ دوسرا وقت: 2:10 گھنٹے کل نمبر: 60

## حصہ ــــــــــ اول

**سوال نمبر 2۔ کوئی سے پانچ اشعار کی تشریح کیجئے۔ تین اشعار حصہ نظم میں سے اور دو اشعار حصہ غزل میں سے منتخب کیجئے۔** (10 نمبر)

### حصہ ــــــــــ نظم

(i) بشر کو فطرت اسلام پر پیدا کیا جس نے — محمد مصطفیٰؐ کے نام پر شیدا کیا جس نے

(ii) اب انساں کو انساں کا عرفان ہو گا — یقیں ہو گیا، اعتبار آ گیا ہے

(iii) منھ سے نکل پڑی تھی ہر اک موج کی زباں — تہ پر تھے سب نہنگ، مگر تھی لبوں پہ جاں

(iv) من پنچھی جب پنکھ ہلائے کیا کیا تُر بکھرائے — سننے والے سنیں تو ان میں ایک ہی دھن لہرائے

### حصہ ــــــــــ غزل

(v) ترے رتبہ دانِ محبت کی حالت — ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

(vi) ہم اسے منھ سے بُرا تو نہیں کہتے کہ فراق — دوست تیرا ہے، مگر آدمی اچھا بھی نہیں

(vii) بھول جاتا ہوں میں ستم اس کے — وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

## حصہ ــــــــــ دوم

**سوال نمبر 3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ (یعنی جن کے نیچے لائن لگی ہے) کے معانی بھی لکھئے۔** 5+5 = 10 نمبر

(الف) حساب کتاب کے دن جب اعمال کی جانچ پڑتال ہو گی، خدا یہ پوچھے گا کہ میں نے جو استعداد تجھ میں ودیعت کی تھی اسے کمال تک پہنچانے اور اس سے کام لینے میں تو نے کیا کیا اور خلق اللہ کو اس سے کیا فیض پہنچایا؟

(ب) مگر میں نے پچھلے ۳۲ سال میں انھیں ہمیشہ شیروانی ہی پہنے دیکھا انگریزی ان کا اوڑھنا بچھونا مگر رعب گانٹھنے کے لیے کبھی انگریزی میں بات نہیں کرتے تھے، بلکہ ان کی گفتگو میں انگریزی کے الفاظ بالکل نہیں آنے پاتے تھے۔ چالیس سال کی عمر کے بعد ہی ان کے دونوں ہاتھوں میں رعشہ آ گیا تھا اس لیے لکھنے میں انہیں زحمت ہوتی تھی

**سوال نمبر 4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔** (5×2 = 10 نمبر)

(i) مصنف کے کون سے دوست ادب کے زیادہ دل دادہ ہیں؟

(ii) سیّدانی بی نے گزر اوقات کے لیے کون سا پیشہ اختیار کیا؟

(iii) اہل مغرب نے قومیت کی بنیاد کس پر رکھی ہے؟

(iv) لاہور کے پبلشروں کے ساتھ مرزا صاحب کا رویہ کیسا تھا؟

(v) انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

(vi) سلطان ٹیپو اپنی جہد و جہد میں کیوں کامیاب نہ ہو سکا۔

(vii) نکیل پڑنے سے شاعر کی مراد کیا ہے؟

(viii) ہوش اور بے خودی کے ملنے سے دنیا کے کاروبار کیسے سنورتے ہیں؟

**سوال نمبر 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔** (i) نظریۂ پاکستان (ii) استنبول (05 نمبر)

**سوال نمبر 6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے۔** (15 نمبر)

(i) حُبِّ وطن (ii) وقت کی پابندی (iii) دیہاتی زندگی

**سوال نمبر 7۔ مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔** (10 نمبر)

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے لیکن اسلام نے لا اِلٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا۔ بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے

**سوالات:**

(i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟

(ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہو گا؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟

(v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔

1022 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کیجئے۔ رول نمبر:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سیکنڈری پارٹ II سیشن 22-2020 to 20-2018 دستخط امیدوار:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**اردو ادب** (معروضی) وقت: 20 منٹ کل نمبر 15 **PAPER CODE 3371**

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ **جوابات** A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | ہمارے ہاں باعزت طریقے سے مرنا ایک حادثہ نہیں، ہنر ہے، جس کے لیئے عمر بھر۔۔۔۔ کرنا پڑتا ہے۔ | ریاض | تجربہ | ارادہ | مجاہدہ |
| .2 | اگر انسان اپنے دلی قویٰ کو بیکار ڈال دے تو وہ نہایت سخت کاہل اور۔۔۔۔ ہو جاتا ہے۔ | بیمار | ہشاش بشاش | وحشی | پریشان |
| .3 | ہم کو لازم ہے کہ بدی کے عوض۔۔۔۔ کریں۔ | گناہ | نیکی | ظلم | زیادتی |
| .4 | میں ان۔۔۔۔ خیالوں کو وسعت دے رہا تھا اور بے فکری کے تکیئے سے لگا بیٹھا تھا کہ نیند آگئی۔ | دونوں | تینوں | چاروں | پانچوں |
| .5 | علم ایک خزانہ غیبی ہے اور۔۔۔۔ اس کا خزانچی۔ | استاد | شاگرد | انسان | دل |
| .6 | تمام فنی یونیورسٹیوں میں۔۔۔۔ کے ذریعے تعلیم دینی ہو گی۔ | اُردو | فارسی | عربی | انگریزی |
| .7 | ۔۔۔۔ میں میاں دانی نے اور میں نے ایف۔اے کا امتحان پاس کیا۔ | 1902ء | 1903ء | 1905ء | 1907ء |
| .8 | ۔۔۔۔ نے کسی کام کا نہ رکھا، اس نے اپنا بنا لیا، یہ بڑا ہی سخت گیر اور شکی محبوب ہے۔ | دہلی | علی گڑھ | لکھنؤ | بنارس |
| .9 | ۔۔۔۔ کا رقبہ کچھ بڑا نہیں۔ | ریاض | طائف | جدہ | مدینہ |
| .10 | ان کی وضع یہ تھی سیاہ پینٹ، سیاہ کوٹ۔۔۔۔ قمیض۔ | سپید | نیلی | پیلی | سبز |
| .11 | جہاز والوں نے بارہ گھنٹے کا پورا پورا استعمال بتا کر۔۔۔۔ وصول کر لیئے تھے۔ | 73روپے | 74روپے | 75روپے | 76روپے |
| .12 | آئی آواز غم انگیز ہے۔۔۔۔ ترا | مستانہ | دیوانہ | افسانہ | پروانہ |
| .13 | مسافر خود نہیں لڑتا مگر۔۔۔۔ لڑتا ہے۔ | سامان | دیوان | پکوان | پہلوان |
| .14 | ابھی عشق کے۔۔۔۔ اور بھی ہیں۔ | نقصاں | سامان | امتحان | آشیاں |
| .15 | جو چاہو۔۔۔۔ دے لو تم اور بھی کھُل کھیلو | جزا | بقا | سزا | وفا |

1069-1022-500 (1)

(SS)

S-7571

03006002782

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں

1022 (جماعت دہم) سیکنڈری پارٹ II ، سیشن 2020-22 to 2018-20

اردو ادب (انشائیہ) وقت: 2:10 گھنٹے کل نمبر: 60

## حصہ ــــــــــــــ اول

سوال نمبر 2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجئے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے)۔ (10 نمبر)

### حصہ ــــــــــــــ نظم

(i) ہم سے پہلے تھا عجب تیرے جہاں کا منظر — کہیں مسجود تھے پتھر، کہیں معبود شجر

(ii) واریں گے یہ سب کچھ تیرے نام پر — تیری للکار پر، تیرے پیغام پر

(iii) مل کے سب کیوں نہ وفاداری کا پیماں کریں — اپنے اخلاق پہ ایماں پہ احسان کریں

(iv) مشیت کو بھلی لگتی ہے جب یہ شان، مرنے کی — تو پوری قوم کو اس نقش کا انعام دیتی ہے

### حصہ ــــــــــــــ غزل

(v) اسی روز و شب میں اُلجھ کر نہ رہ جا — کہ تیرے زمان و مکاں اور بھی ہیں۔

(vi) ہم بھروسے پر ان کے بیٹھ رہے — جب کسی کا بھی آسرا نہ رہا

(vii) عجب ہے رات سے آنکھوں کا عالم — یہ دریا رات بھر چڑھتا رہا ہے۔

## حصہ ــــــــــــــ دوم

سوال نمبر 3۔ درج ذیل اقتباس کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور سیاق و سباق بھی تحریر کریں۔ (10)

عورتیں بچاری اپنے ادل بدل کے عذاب میں گرفتار تھیں۔ کسی نے تو سفید بالوں کو چھوڑا تھا۔ مگر اب پاؤں میں ایک پھوڑا ہو گیا تھا کہ لنگڑاتی اور ہائے ہائے کرتی چلی جاتی تھی۔ کسی کی پہلے کمر بہت پتلی تھی۔ مگر چونکہ سینہ اور بازو بھی دبلے تھے اس لیئے پتلی کمر کو چھوڑا تھا، اب گول گول بازوؤں کے ساتھ بڑی سی توند نکالے چلی جاتی تھی۔ کسی نے چہرے کی خوبصورتی لی تھی مگر اس کے ساتھ بے آبروئی کا داغ اور بدنامی کا ٹیکہ بھی چلا آیا تھا۔ غرض ان سب میں سے کوئی ایسا نہ تھا کہ جسے پہلے نقص کی نسبت نیا نقص گراں نہ معلوم ہو رہا ہو۔

سوال نمبر 4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔ (10)

(الف) انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا (ب) غزنین کا سفر

سوال نمبر 5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ تحریر کریں۔ (05)

(الف) اے وطن (ب) ایک ریل کے سفر کی تصویر کھینچتا ہوں۔

سوال نمبر 6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک شاعر کا سوانحی و تنقیدی خاکہ تحریر کریں۔ (10)

(الف) حفیظ جالندھری (ب) حسرت موہانی

سوال نمبر 7۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ (15)

(الف) تعلیم نسواں (ب) علامہ محمد اقبال (ج) سائنس کے کرشمے

1070 - 1022 - 500

1020 (معروضی طرز) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر ..................

اردو لازمی (معروضی) (انٹر پارٹ - I) (سیشن 2016-18 to 2018-20) دستخط امیدوار ..................

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 3025** (گروپ پہلا) کل نمبر 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں۔ غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ بلیک پین / سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ''ابو القاسم'' گرامر کی رو سے ہے۔ | لقب | عرف | کنیت | خطاب |
| 2 | ''علم و عمل'' گرامر کی رو سے ہے۔ | مرکب اشاری | مرکب جاری | مرکب عطفی | مرکب توصیفی |
| 3 | سبق ''مقطع'' میں جب لڑکی ریلوے اسٹیشن پہنچی تو گاڑی آنے میں دیر تھی | آدھا گھنٹا | چند منٹ | ایک گھنٹا | پندرہ منٹ |
| 4 | چغل خور کام جانتا تھا۔ | کھیتی باڑی کا | لکڑی کا | معماری کا | لوہے کا |
| 5 | نام دیو بڑی تن دہی سے اپنے کام میں مصروف اور مگن رہتا تھا، اس کی وجہ تھی۔ | تنخواہ کا لالچ | اپنے کام سے محبت | افسران کی خوشی | بے عزتی کا خوف |
| 6 | علی بخش کو زمین دی گئی تھی۔ | جھنگ میں | لاہور میں | لائل پور میں | خانیوال میں |
| 7 | مسجد سلیمانیہ کے ساتھ کتب خانے میں قلمی نسخے ہیں۔ | تیس ہزار | پچاس ہزار | دو لاکھ | ایک لاکھ |
| 8 | ''غالب کے خطوط'' مرتب کیے ہیں۔ | ڈاکٹر عبدالحق | ڈاکٹر خلیق انجم | ڈاکٹر سید عبداللہ | ڈاکٹر حسن |
| 9 | رشید احمد صدیقی اردو کے لیکچرار مقرر ہوئے۔ | علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں | پنجاب یونیورسٹی میں | الٰہ آباد یونیورسٹی میں | پشاور یونیورسٹی میں |
| 10 | نظم ''میدان کربلا میں گرمی کی شدت'' صنف سخن کے لحاظ سے ہے۔ | قصیدہ | آزاد نظم | مرثیہ | رباعی |
| 11 | علامہ اقبال نے فاطمہ کو ______ کہا ہے۔ | آسمانی | ارضی | جنتی | صحرائی |
| 12 | ادا جعفری کی غزل ان کے مجموعہ کلام ______ سے لی گئی ہے۔ | شہر درد | غزالاں تم تو واقف ہو | میں ساز ڈھونڈتی رہی | خوشبو |
| 13 | ''[illegible]'' کا درست تلفظ ہے۔ | غَرَض | غَرْض | غِرَض | غُرَض |
| 14 | ''تعاون'' کے درست اعراب ہیں۔ | تَعَاوُن | تُعَاوُن | تَعَاوَن | تِعَاوُن |
| 15 | اسم فاعل کی قسمیں ہیں۔ | ایک | تین | چار | دو |

1020 (جماعت دہم)

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ)

سیکنڈری پارٹ (II)

(سیشن 2016-18 to 2018-20)

وقت: 2.10 گھنٹے

کل نمبر 60

(گروپ پہلا)

حصہ ------------ اول

2۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (حصہ نظم سے تین اور حصہ غزل سے دو اشعار) (10)

(حصہ نظم)

(i) نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے ☆ بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

(ii) آئینہ سپہر کا تھا مکدّر غبار سے ☆ گردوں کو تپ چڑھی تھی زمیں کے بخار سے

(iii) دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر ☆ دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر

(iv) رونقیں ہی رونقیں ہیں جس طرف بھی دیکھیے ☆ بچھنے لگتے ہیں اس پر شام ہوتے ہی پلنگ

(حصہ غزل)

(v) میں درماندہ اُس بارگاہِ عطا کا ☆ گنہ گار ہوں، اک خطا ہو گئی ہے

(vi) سلسلہ، فتنۂ قیامت کا ☆ تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

(vii) اک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں ☆ ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

حصہ ------------ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (5+5=10)

(الف) اس رجحان نے تخلیقی سطح پر ایک نئی سمت کی طرف اشارہ کیا ہے جس سے یہ نتیجہ نکالنا بے موقع نہ ہوگا کہ عید کا تصور مسلمانوں کے ہاں محض تہوار منانے اور اچھل کود کو کلچر بنانے پر منحصر نہیں بلکہ اس خوشی کا رشتہ ہماری اقدار میں بہت دور تک جاتا ہے جس سے عید کے بارے میں اردو شعرا کی تخلیقات کو ایک نئی سمت ہی نہیں ملتی بلکہ ان کا تعلق ہمارے داخلی رویوں کے ساتھ اتنا گہرا ہے کہ ہماری شعری روایت میں یہ عمل صرف یک طرفہ مناظر کشی تک جا کر ختم نہیں ہوتا۔

(ب) حضرت ابو ایوب انصاریؓ کا مرتبہ علم ایسا تھا کہ صحابہ کرامؓ مسائل کی تحقیق میں ان سے رجوع کرتے تھے۔ حضرت ایوب انصاریؓ کی شخصیت میں تین چیزیں نمایاں تھیں جوشِ ایمانی، حق گوئی اور آنحضرت رسول اللہ ﷺ سے بے کراں محبت وعقیدت۔ حضرت ابو ایوب انصاریؓ کا ایک مرتبہ ومقام یہ ہے کہ وہ آنحضرت ﷺ کے میزبان رہے ہیں۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات لکھیے۔ (10)

(i) میر انیس شیر اور آہو پر دھوپ کے کیا اثرات بیان کرتے ہیں؟

(ii) لاہور کے پبلشروں کے ساتھ مرزا صاحب کا رویہ کیسا تھا؟

(iii) عیدالفطر پر نظموں میں شعرا نے کیا باریکیاں پیدا کی ہیں؟

(iv) علی بخش مصنف کو کیوں گھور رہا تھا؟

(v) علم کی طاقت سے کس طرح بندوق کو شکست دی جا سکتی ہے؟

(vi) سڑک "مال گودام روڈ" پر جسے جانا پڑے اس کا انجام کیا ہوتا ہے؟

(vii) استنبول پر مسلمانوں کے پہلے حملے کی ناکامی کا سبب کیا تھا؟

(viii) جگر مراد آبادی کے خیال میں روح کو محبت کا مزہ کیسے ملتا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ii) استنبول (05)

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (15)

(i) زم زم (ii) وقت کی پابندی (iii) سائنس کے کرشمے

7۔ مندرجہ ذیل عبارت غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ (10)

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شاخیں پاکستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

سوالات:- (i) زبانوں کے دو مشہور خاندان کون سے ہیں؟ (ii) عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

(iii) آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیے؟

(iv) دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

(v) ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

www.ilmkidunya.com